# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو تنقید 9028 — سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس اردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: تنقید سے کیا مراد ہے؟ علمی وادبی پیمانوں کی روشنی میں فن پاروں کی تخلیقی قدر کے تعین اور تعبیر و تشریح کے اصولی مباحث کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 2: اردو تنقید کے اولیں بنیاد گزاروں (حالی، شبلی، آزاد اور امداد امام اثر) کی خدمات کا موازنہ کریں اور ان کے قائم کردہ وسطی دور کے تنقیدی رویوں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 3: کیا اردو تذکروں کو جدید اردو تنقید کا پیش خیمہ قرار دیا جا سکتا ہے؟ باقاعدہ تنقید کے آغاز سے قبل اردو تذکروں کی کیا اہمیت ہے؟ تذکروں میں موجود تنقیدی اشارات اور ان کی تاریخی قدر و قیمت کا تفصیلی جائزہ لیں۔ 20)

سوال 4: عمرانی، نفسیاتی اور رومانی دبستانِ تنقید نے اردو ادب کی تفہیم اور تعبیر کے نئے زاویے کس طرح وضع کیے؟ مثالوں سے واضح کریں۔ (20)

سوال 5: عربی اور فارسی شعریات کے بنیادی اصولوں نے اردو تنقیدی روایت کو کس طرح متاثر کیا؟ مشرقی شعریات کے تاریخی پس منظر میں بحث کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: انگریزی تنقید کے جدید دور کے اہم نظریات نے اردو کے معاصر ناقدین کے فکری رویوں کی تشکیل میں کیا کردار ادا کیا؟ تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال 2: محمد حسن عسکری اور کلیم الدین احمد کے تنقیدی رویوں کا تقابلی مطالعہ کریں کہ انھوں نے اردو ادب کو کن نئے معیارات سے دیکھا۔ (20)

سوال 3: آل احمد سرور، احتشام حسین اور سلیم احمد نے اردو تنقید کو کلچر، تاریخ اور تہذیب کے کن نئے سوالات سے روشناس کرایا؟ تجزیہ پیش کریں۔ (20)

سوال 4: ڈاکٹر وزیر آغا اور محمد علی صدیقی کی تنقیدی فکر کے نمایاں رجحانات اور اردو تنقید کے ارتقا میں ان کے حصے کا تجزیاتی مطالعہ کریں۔ (20)

سوال 5: تحسین فراقی اور قاضی افضال احمد کی معاصر تنقیدی خدمات کی روشنی میں موجودہ پاک و ہند کے تنقیدی منظر نامے کا تفصیلی تجزیہ کریں۔ (20)